# اقوام متحدہ کا بچوں کے حقوق کا کنونشن (UNCRC)

بقا، آپ کو زندگی، اچھی خوراک، پانی اور صحت مندی کے ساتھ پرورش پانے کا حق حاصل ہے۔

نشوونما، آپ کو تعلیم، آرام اور کھیل کا حق حاصل ہے

شرکت، آپ کو حق حاصل ہے کہ آپ بتا سکیں کہ آپ کیسے محسوس کرتے ہیں، آپ کی بات کو سنا جائے اور اسے سنجیدگی سے لیا جائے

حفاظت، آپ کو حق حاصل ہے کہ آپ کے ساتھ اچھا سلوک کیا جائے اور کوئی شخص بھی آپ کو نقصان نہ پہنچائے

1) 18 سال سے کم عمر کے ہر شخص کو یہ حقوق حاصل ہیں

2) تمام بچوں کو یہ حقوق حاصل ہیں

3) بالغوں کو لازمی طور پر وہ کرنا چاہیے جو میرے لیے بہترین ہو

4) حکومت کو یہ یقین دہانی کرنی چاہیے کہ میرے حقوق کا احترام کیا جائے

5) حکومت کو میرے خاندان کے اس حق کا احترام کرنا چاہیے کہ مجھے اپنے حقوق کے بارے میں جاننے میں مدد دے

6) مجھے زندہ رہنے اور نشوونما پانے کے لیے معاونت فراہم کی جانی چاہیے

7) مجھے حق حاصل ہے کہ میرا کوئی نام ہو اور کسی ملک سے تعلق ہو

8) مجھے حق حاصل ہے کہ میری کوئی شناخت ہو

9) مجھے حق حاصل ہے کہ میں ایسے خاندان کے ساتھ رہوں جو میرا خیال رکھتا ہو

10) اگر میرا خاندان کسی اور ملک میں رہتا ہو تو مجھے اُس سے ملنے کا حق حاصل ہے

11) مجھے حق حاصل ہے کہ مجھے غیر قانونی طور پر ملک سے باہر نہ لے جایا جائے

12) مجھے حق حاصل ہے کہ میری بات کو سنا جائے اور اسے سنجیدگی سے لیا جائے

13) مجھے معلومات حاصل کرنے اور دوسروں کو بتانے کا حق حاصل ہے

14) مجھے اپنے خیالات اور اعتقادات رکھنے اور اپنے والدین کی رہنمائی سے اپنے مذہب کا انتخاب کرنے کا حق حاصل ہے

15) مجھے دوستوں کے ساتھ ملنے اور گروپس میں شامل ہونے کا حق حاصل ہے

16) مجھے کچھ چیزیں رازداری میں رکھنے کا حق حاصل ہے

17) مجھے بہت سے طریقوں سے معلومات حاصل کرنے کا حق حاصل ہے بشرطیکہ ایسا کرنا محفوظ ہو

18) اگر ممکن ہو سکے تو مجھے دونوں والدین کے ہاتھوں پرورش پانے کا حق حاصل ہے

19) مجھے حق حاصل ہے کہ مجھے نقصان پہنچنے یا بُرے سلوک سے تحفظ فراہم کیا جائے

20) اگر میں اپنے خاندان کے ساتھ نہیں رہ سکتا تو مجھے خصوصی تحفظ اور مدد کا حق حاصل ہے

21)اگر مجھے گود لیا جاتا ہے تو مجھے بہترین دیکھ بھال حاصل کرنے کا حق حاصل ہے

22)اگر میں ایک پناہ گزین (ریفیوجی) ہوں تو مجھے وہی حقوق حاصل ہیں جو اُس ملک میں پیدا ہونے والے بچوں کو حاصل ہیں

23)اگر مجھے کوئی معذوری ہے تو مجھے خصوصی دیکھ بھال اور تعلیم کا حق حاصل ہے

24)مجھے اچھے معیار کی صحت کی دیکھ بھال، صاف پانی اور اچھی خوراک کا حق حاصل ہے

25)اگر میں اپنے خاندان کے ساتھ نہیں رہ رہا تو لوگوں کو جانچ کرتے رہنا چاہیے کہ میں محفوظ اور خوش ہوں

26)میرے خاندان کو اتنی رقم ملنی چاہیے جس کی اُنھیں میری پرورش کے لیے ضرورت ہے

27)مجھے مناسب گھر، خوراک اور لباس کا حق حاصل ہے

28)مجھے تعلیم کا حق حاصل ہے

29)مجھے ایسی تعلیم کا حق حاصل ہے جو میری شخصیت کی تعمیر کرتی ہو، اور دوسروں کے حقوق اور ماحولیات کے احترام کو فروغ دیتی ہو

30)مجھے اپنی زبان بولنے اور اپنے خاندان کے طرز زندگی کی پیروی کرنے کا حق حاصل ہے

31)مجھے آرام کرنے اور کھیلنے کا حق حاصل ہے

32)مجھ سے خطرناک کام نہیں کروایا جانا چاہیے

33)مجھے خطرناک منشیات سے تحفظ فراہم کیا جانا چاہیے

34)کسی بھی شخص کو مجھے ایسے طریقوں سے نہیں چھونا چاہیے جس سے میں بے چین، غیر محفوظ یا غمگین محسوس کروں

35)مجھے اغوا نہیں کیا جانا چاہیے، بیچا نہیں جانا چاہیے یا غیر قانونی تجارت کے لیے لے کر نہیں جانا چاہیے۔

36)مجھے حق حاصل ہے کہ مجھے ایسی چیزوں سے محفوظ رکھا جائے جو میری نشوونما کو نقصان پہنچا سکتی ہوں

37)مجھے حق حاصل ہے کہ مجھے ظالمانہ یا تکلیف دہ طریقے سے سزا نہ دی جائے

38)مجھے اُس وقت تک فوج میں شامل ہونے کی اجازت نہیں ہے جب تک کہ میری عمر 15 سال نہیں ہو جاتی

39)اگر مجھے نقصان پہنچایا گیا ہے، نظر انداز کیا گیا ہے یا میرے ساتھ بُرا سلوک کیا گیا ہے تو مجھے مدد حاصل کرنے کا حق حاصل ہے

40)اگر مجھ پر قانون کی خلاف ورزی کرنے کا الزام لگایا گیا ہے تو مجھے حق حاصل ہے کہ مجھے قانونی امداد فراہم کی جائے اور میرے ساتھ منصفانہ سلوک کیا جائے

41)جہاں ہمارا ملک ہمارے ساتھ اقوام متحدہ کی نسبت بہتر سلوک کرتا ہے وہاں ہمیں اچھے کام کو جاری رکھنا چاہیے!

42)ہر ایک کو اقوام متحدہ کے بچوں کے حقوق کے کنونشن (UNCRC) کے بارے میں معلوم ہونا چاہیے

Widgit Symbols © Widgit Software 2002 - 2017 www.widgit.com

1) 18 سال سے کم عمر کے ہر شخص کو یہ حقوق حاصل ہیں

اقوام متحدہ کے بچوں کے حقوق کے کنونشن (UNCRC) کے تحت بچے کا مطلب ہے 18 سال سے کم عمر کا ہر انسان۔ سوائے اُس صورت کے کہ متعلقہ ملک کے قانون کے تحت بلوغت نسبتاً جلد حاصل کر لی جاتی ہے۔ مثلاً اگر میری 16 سال کی عمر میں شادی ہو جاتی ہے۔

2) تمام بچوں کو یہ حقوق حاصل ہیں

UNCRC ہر ایک پر لاگو ہوتا ہے چاہے اُن کی نسل، مذہب، صلاحیتیں کچھ بھی ہوں، وہ جو کچھ بھی سوچتے یا کہتے ہوں، اس سے کچھ فرق نہیں پڑتا کہ وہ کس خاندان سے تعلق رکھتے ہیں۔ حکومتوں کو کسی بھی قسم کے امتیاز کے بغیر UNCRC میں دیے گئے میرے حقوق کا احترام کرنا چاہیے اور اُنھیں یقینی بنانا چاہیے۔ حکومتوں کو یہ یقین دہانی کرنے کے لیے اقدامات کرنے چاہیں کہ مجھے امتیاز کے خلاف تحفظ حاصل ہے۔

3) بالغوں کو لازمی طور پر وہ کرنا چاہیے جو میرے لیے بہترین ہو

تمام بالغوں کو وہ کرنا چاہیے جو میرے لیے بہترین ہو جب بالغان فیصلے کرتے ہیں تو اُنھیں سوچنا چاہیے کہ وہ مجھے کیسے متاثر کرتے ہیں

4) حکومت کو یہ یقین دہانی کرنی چاہیے کہ میرے حقوق کا احترام کیا جائے

حکومت کو یہ یقین دہانی کرنی چاہیے کہ UNCRC میں دیے گئے حقوق مجھے دستیاب ہوں۔ مثلاً، حکومت جب چاہے میرے حقوق نہیں لے سکتی, اُنھیں اُن حقوق کا احترام کرنا ہوگا جو UNCRC میں بیان کیے گئے ہیں۔

5) حکومت کو میرے خاندان کے اس حق کا احترام کرنا چاہیے کہ مجھے اپنے حقوق کے بارے میں جاننے میں مدد دے

حکومت کو والدین کے اپنے بچوں کی رہنمائی کرنے کے حقوق اور ذمہ داریوں کا احترام کرنا چاہیے۔ جوں جوں میں بڑا ہوتا ہوں میرے خاندان کو مجھے ہدایت دینی چاہیے اور میری رہنمائی کرنی چاہیے تاکہ میں اپنے حقوق کو مناسب طریقے سے استعمال کرنا سیکھ سکوں۔

6) مجھے زندہ رہنے اور نشوونما پانے کے لیے معاونت فراہم کی جانی چاہیے

مجھے زندگی کا حق حاصل ہے حکومتوں کو یہ یقین دہانی کرنی چاہیے کہ میں زندہ رہوں اور صحت مند طریقے سے نشوونما پاؤں۔

7) مجھے حق حاصل ہے کہ میرا کوئی نام ہو اور کسی ملک سے تعلق ہو

مجھے ایک قانونی طور پر رجسٹرڈ نام اور قومیت کا حق حاصل ہے۔ مجھے حق حاصل ہے کہ اپنے دونوں والدین کو جانوں اور وہ میری دیکھ بھال کریں

8) مجھے حق حاصل ہے کہ میری کوئی شناخت ہو

میرے نام، قومیت اور خاندانی تعلقات کے حق کا احترام کیا جانا چاہیے۔ مثلاً - اس کا مطلب یہ ہے کہ کسی شخص کی قومیت، نام یا خاندانی پس منظر کے باوجود UNCRC اس بات کو تسلیم کرتا ہے کہ وہ ایک الگ فرد ہے اور اُسے اس چیز کا حق حاصل ہے۔

9) مجھے حق حاصل ہے کہ میں ایسے خاندان کے ساتھ رہوں جو میرا خیال رکھتا ہو

مجھے اپنے والدین سے الگ نہیں کرنا چاہیے سوائے اُس صورت کے کہ یہ میری اپنی بہتری کے لیے ہو- مثلاً اگر کوئی والدین میرے ساتھ بُرا سلوک کر رہے ہیں یا مجھے نظر انداز کر رہے ہیں۔ اگر میرے والدین علیحدہ ہو جاتے ہیں تو مجھے حق حاصل ہے کہ اُن دونوں کے ساتھ رابطے میں رہوں سوائے اُس صورت کے کہ اس سے شاید مجھے نقصان پہنچ سکتا ہو۔ علیحد گی سے متعلقہ کسی بھی بات چیت میں مجھے موقع دیا جانا چاہیے کہ میں اپنی آراء بتا سکوں۔

10) اگر میرا خاندان کسی اور ملک میں رہتا ہو تو مجھے اُس سے ملنے کا حق حاصل ہے

حکومتوں کو چاہیے کہ خاندانوں کو مختلف ممالک کے درمیان نقل و حرکت کی اجازت دیں تا کہ والدین اور بچے رابطے میں رہ سکیں۔ اگر میرے والدین مختلف ملکوں میں رہ رہے ہیں تو مجھے حق حاصل ہے کہ اُن دونوں کے ساتھ رابطے میں رہوں۔

11) مجھے حق حاصل ہے کہ مجھے غیر قانونی طور پر ملک سے باہر نہ لے جایا جائے

حکومتوں کو مجھے غیر قانونی طور پر اپنے ملک سے باہر لے جانے سے روکنے کے لیے اقدامات کرنے چاہئیں۔ اس بات کی ضمانت کے لیے حکومتوں کو دیگر ممالک کے ساتھ معاہدے کرنے چاہئیں۔

12) مجھے حق حاصل ہے کہ میری بات کو سنا جائے اور اسے سنجیدگی سے لیا جائے

جب بالغان ایسے فیصلے کر رہے ہوں جو مجھے متاثر کرتے ہیں تو مجھے حق حاصل ہے کہ میں وہ کہوں جو میں سوچتا ہوں اور میری بات کو سنا جائے۔ مجھے یہ حق حاصل ہے کہ اس بارے میں فیصلے کرتے ہوئے کہ گھر پر، سکول میں، میری کمیونٹی میں اور میرے ملک میں میرے ساتھ کیا ہوتا ہے میری آراء سے مدد لی جائے۔ بالغوں کو مجھے معاونت فراہم کرنی چاہیے تا کہ میں اپنی آراء ایسے طریقے سے دے سکوں جو میرے لیے بہترین ہے۔

13) مجھے معلومات حاصل کرنے اور دوسروں کو بتانے کا حق حاصل ہے

اس میں تمام قسم کی معلوت کو تلاش کرنا، حاصل کرنا اور دوسروں کو بتانا شامل ہیں۔ میں یہ کام بات کر کے، لکھ کر، آرٹ تخلیق کر کے یا جو بھی میں انتخاب کروں اُس ذریعے سے کر سکتا ہوں۔ میں ایسا اُس وقت تک کر سکتا ہوں جب تک کہ وہ معلومات میرے اپنے یا دوسروں کے لیے نقصان دہ نہ ہو۔

14) مجھے اپنے خیالات اور اعتقادات رکھنے اور اپنے والدین کی رہنمائی سے اپنے مذہب کا انتخاب کرنے کا حق حاصل ہے

مجھے اپنے مذہب پر عمل کرنے اور جو میں چاہوں اُس پر یقین کرنے کا حق حاصل ہے۔ مجھے اُس وقت تک یہ حق حاصل ہے جب تک کہ میں دوسرے لوگوں کو اُن کے حقوق سے لطف اندوز ہونے سے نہیں روک رہا۔ میرے والدین کو ان معاملات میں میری رہنمائی کرنی چاہیے۔

15) مجھے دوستوں کے ساتھ ملنے اور گروپس میں شامل ہونے کا حق حاصل ہے

مجھے اُس وقت تک گروپس اور تنظیموں میں شامل ہونے کا حق حاصل ہے جب تک کہ یہ بات دوسرے لوگوں کو اُن کے حقوق سے لطف اندوز ہونے سے نہیں روکتی۔ مثلاً - میں دوسروں سے ملنے کے لیے اپنی کمیونٹی میں اور عوامی جگہوں پر ادھر اُدھر گھومنے کے لیے آزاد ہوں۔

16) مجھے کچھ چیزیں رازداری میں رکھنے کا حق حاصل ہے
میرے خطوط، ڈائری یا فون رازداری میں رہنے چاہئیں۔ قانون کو میرے طرزِ زندگی، میرے اچھے نام، میرے خاندان اور میرے گھر کے خلاف ہونے والے حملوں سے مجھے تحفظ فراہم کرنا چاہیے۔

17) مجھے بہت سے طریقوں سے معلومات حاصل کرنے کا حق حاصل ہے بشرطیکہ ایسا کرنا محفوظ ہو
ٹیلیویژن، ریڈیو اور اخبارات کو ایسی معلومات فراہم کرنی چاہئیں جو میں سمجھ سکتا ہوں۔ کسی کو بھی ایسے مواد کی تشہیر نہیں کرنی چاہیے جو مجھے نقصان پہنچا سکتا ہو۔ حکومت کو بچوں کی کتابوں کی اشاعت کی حوصلہ افزائی کرنی چاہیے۔

18) اگر ممکن ہو سکے تو مجھے دونوں والدین کے ہاتھوں پرورش پانے کا حق حاصل ہے
دونوں والدین بچوں کی پرورش کرنے کی ذمہ داری میں شریک ہیں۔ والدین کو ہمیشہ اس بات پر غور کرنا چاہیے کہ ہر بچے کے لیے کیا بہترین ہے۔ حکومتوں کو والدین کی معاونت کے لیے سروسز فراہم کرکے اُن کی مدد کرنی چاہیے، خاص طور پر اگر دونوں والدین کام کرتے ہوں۔

19) مجھے حق حاصل ہے کہ مجھے نقصان پہنچنے یا بُرے سلوک سے تحفظ فراہم کیا جائے
حکومتوں کو یہ یقین دہانی کرنی چاہیے کہ میری اچھی طرح دیکھ بھال کی جاتی ہے۔ مجھے حق حاصل ہے کہ مجھے بالغوں کے تشدد، بدسلوکی اور بے توجہی سے تحفظ فراہم کیا جائے۔

20) اگر میں اپنے خاندان کے ساتھ نہیں رہ سکتا تو مجھے خصوصی تحفظ اور مدد کا حق حاصل ہے
اگر میرا اپنا خاندان میری دیکھ بھال نہیں کر سکتا تو لازمی طور پر ایسے لوگوں کے ذریعے میری مناسب دیکھ بھال ہونی چاہیے جو میرے مذہب، ثقافت اور زبان کا احترام کرتے ہوں۔ حکومت کو یہ یقین دہانی کرنی چاہیے کہ میرے لیے متبادل دیکھ بھال موجود ہو۔

21) اگر مجھے گود لیا جاتا ہے تو مجھے بہترین دیکھ بھال حاصل کرنے کا حق حاصل ہے
اگر مجھے گود لیا جاتا ہے تو پہلی تشویش لازمی طور پر یہ ہونی چاہیے کہ میرے لیے کیا بہترین ہے۔ چاہے گود لینا اُسی ملک میں ہوتا ہے جہاں میں پیدا ہوا تھا یا چاہے میں کسی اور ملک میں منتقل ہوتا ہوں وہی ضابطے لاگو ہونے چاہئیں۔

22) اگر میں ایک پناہ گزین (ریفیوجی) ہوں تو مجھے وہی حقوق حاصل ہیں جو اُس ملک میں پیدا ہونے والے بچوں کو حاصل ہیں
اگر میں ایک پناہ گزین کے طور پر کسی ملک میں آیا ہوں تو مجھے وہی حقوق حاصل ہونے چاہئیں جو اُس ملک میں پیدا ہونے والے بچوں کو حاصل ہیں۔ حکومتوں کو کسی بھی پناہ گزین بچے کے خاندان کو تلاش کرنے میں مدد دینے کی کوشش کرنی چاہیے۔

23) اگر مجھے کوئی معذوری ہے تو مجھے خصوصی دیکھ بھال اور تعلیم کا حق حاصل ہے
مجھے ایک مکمل اور خوش باش زندگی کا حق حاصل ہے اور بالغوں کو مجھے اپنی کمیونٹی میں ایک فعال شرکت کنندہ بننے میں معاونت فراہم کرنی چاہیے۔ مجھے خصوصی مدد اور دیکھ بھال کا حق حاصل ہے تاکہ یہ یقین دہانی کر سکوں کہ میں تعلیم، صحت کی دیکھ بھال کی سروسز اور تفریح کے مواقع حاصل کر سکتا ہوں۔ بالغوں کو مجھے معاونت فراہم کرنی چاہیے تاکہ میں اپنی پوری صلاحیتوں کو بروئے کار لا سکوں اور انفرادی نشوونما پا سکوں اور مجھے دوسروں کے ساتھ سرگرمیوں میں شامل ہونے کے مواقع فراہم کرنے چاہئیں۔

24) مجھے اچھے معیار کی صحت کی دیکھ بھال، صاف پانی اور اچھی خوراک کا حق حاصل ہے
مجھے اچھے معیار کی صحت کی دیکھ بھال اور صاف پانی کا حق حاصل ہے مجھے غذائیت والی خوراک اور صاف ماحولیات کا حق حاصل ہے تاکہ میں صحت مند رہ سکوں۔ امیر ملکوں کو غریب ملکوں کی مدد کرنی چاہیے تاکہ وہ یہ مقصد حاصل کر سکیں۔

25) اگر میں اپنے خاندان کے ساتھ نہیں رہ رہا تو لوگوں کو جانچ کرتے رہنا چاہیے کہ میں محفوظ اور خوش ہوں
اگر میرے والدین کی بجائے لوکل اتھارٹی میری دیکھ بھال کرتی ہے تو مجھے یہ حق حاصل ہے کہ میری دیکھ بھال کا جائزہ لیا جائے۔ مجھے حق حاصل ہے کہ میری صورت حال کا باقاعدگی سے جائزہ لیا جائے۔

26) میرے خاندان کو اتنی رقم ملنی چاہیے جس کی اُنھیں میری پرورش کے لیے ضرورت ہے
مجھے ایسے معیار زندگی کا حق حاصل ہے جو میری دماغی اور جسمانی ضروریات کو پورا کرنے کے لیے کافی اچھا ہو۔ حکومت کو اُن خاندانوں کی مدد کرنی چاہیے جو اس کی استطاعت نہیں رکھتے۔

27) مجھے مناسب گھر، خوراک اور لباس کا حق حاصل ہے
حکومت کو ضرورتمند خاندانوں کو بچوں کے لیے اضافی رقم فراہم کرنی چاہیے۔ مثلاً- اگر کسی خاندان کے پاس رقم نہیں ہے یا وہ اپنے اخراجات کو پورا کرنے کے ناقابل ہیں تو ویلفیئر سٹیٹ کو بچوں کو مدد دینی چاہیے۔

28) مجھے تعلیم کا حق حاصل ہے
مجھے پرائمری تعلیم کا حق حاصل ہے، جو مفت ہونی چاہیے۔ سکولوں کو میری عظمت کا احترام کرنا چاہیے۔ میری حوصلہ افزائی کی جانی چاہیے کہ میں تعلیم کی اُس بلند ترین سطح تک پہنچوں جس تک میں پہنچنے کے قابل ہوں۔

29) مجھے ایسی تعلیم کا حق حاصل ہے جو میری شخصیت کی تعمیر کرتی ہو، اور دوسروں کے حقوق اور ماحولیات کے احترام کو فروغ دیتی ہو۔
تعلیم کو میرے دل میں انسانی حقوق کے لیے احترام کو فروغ دینا چاہیے۔ اسے میری شخصیت اور صلاحیتوں کو فروغ دینا چاہیے۔ تعلیم کو میرے دل میں قدرتی ماحول کے لیے احترام کو فروغ دینا چاہیے۔ اسے میری حوصلہ افزائی کرنی چاہیے کہ اپنے والدین اور اپنی اور دوسروں کی ثقافت کا احترام کروں۔

30) مجھے اپنی زبان بولنے اور اپنے خاندان کے طرز زندگی کی پیروی کرنے کا حق حاصل ہے۔
مجھے اپنی زبان سیکھنے اور استعمال کرنے کا حق حاصل ہے چاہے میرے ملک میں جہاں میں رہتا ہوں وہاں زیادہ تر لوگ اسے استعمال کرتے ہیں یا نہیں۔ مجھے اپنے خاندان کی رسوم ورواج پر عمل کرنے کا حق حاصل ہے چاہے میرے ملک میں جہاں میں رہتا ہوں وہاں زیادہ تر لوگ ان پر عمل کرتے ہیں یا نہیں۔

31) مجھے آرام کرنے اور کھیلنے کا حق حاصل ہے
مجھے کھیلنے، آرام کرنے اور وسیع قسم کی ثقافتی، فنی اور دیگر تفریحی سرگرمیوں میں شامل ہونے کا حق حاصل ہے۔ بالغوں کو اس بارے میں سوچنا چاہیے کہ مجھے کس چیز کی

ضرورت ہے تاکہ یہ یقین دہانی کر سکیں کہ مجھے اپنی مقامی کمیونٹی میں کھیلنے اور آرام کرنے کے مواقع دستیاب ہوں اور مجھے منصوبہ بندی میں شامل کرنا چاہیے۔ مجھے ایک محفوظ، مددگار، تحریک انگیز اور ذہنی دباؤ سے پاک ماحول میں کھیلنے اور دوسرے بچوں کے ساتھ رہنے کا حق حاصل ہے۔

32) مجھ سے خطرناک کام نہیں کروایا جانا چاہیے

حکومت کو ایک کم از کم عمر پر اتفاق کرنا چاہیے جب میں کام شروع کر سکتا ہوں۔ حکومت کو بتانا چاہیے کہ جب میں کافی بڑا ہو جاؤں تو مجھے کتنے گھنٹے کام کرنے کی اجازت ہے۔ حکومت کو یہ یقین دہانی کرنی چاہیے کہ جو بالغان ان ضوابط کی پابندی نہیں کرتے اُنھیں جرمانہ کیا جائے۔

33) مجھے خطرناک منشیات سے تحفظ فراہم کیا جانا چاہیے

حکومت کو مجھے خطرناک منشیات سے محفوظ رکھنے کے طریقے فراہم کرنے چاہیں۔ مثلا- حکومت کو یہ یقین دہانی کرنی چاہیے کہ مجھے خطرناک منشیات اور وہ کیا کرتی ہیں کے بارے میں معلوم ہو اور یہ کہ میرا اُن سے واسطہ پڑنے سے مجھے تحفظ فراہم کیا گیا ہے۔

34) کسی بھی شخص کو مجھے ایسے طریقوں سے نہیں چھونا چاہیے جس سے میں بے چین، غیر محفوظ یا غمگین محسوس کروں

حکومت کو مجھے جنسی بدسلوکی سے تحفظ فراہم کرنا چاہیے۔ کسی بھی شخص کو میرے جسم کے ساتھ کوئی ایسا فعل نہیں کرنا چاہیے جو میں نہیں چاہتا کے وہ کریں، جیسا کہ مجھے چھونا یا میری تصویریں لینا یا مجھ ایسی باتیں کہلوانا جو میں نہیں کہنا چاہتا۔ اگر مجھے نقصان پہنچایا گیا ہے یا میرے ساتھ بدسلوکی کی گئی ہے تو مجھے وہ مدد فراہم کی جانی چاہیے جس کی مجھے بحال ہونے کے لیے ضرورت ہے

35) مجھے اغوا نہیں کیا جانا چاہیے، بیچا نہیں جانا چاہیے یا غیر قانونی تجارت کے لیے لے کر نہیں جانا چاہیے۔

حکومت کو یہ یقین دہانی کرنی چاہیے کہ مجھے غیر قانونی طور پر میرے خاندان سے نہیں لیا جاتا۔ مجھے اغوا نہیں کیا جانا چاہیے، بیچا نہیں جانا چاہیے یا غیر قانونی تجارت کے لیے لے کر نہیں جانا چاہیے۔ حکومت کو یہ یقین دہانی کرنی چاہیے کہ میرا استحصال نہیں کیا جاتا۔

36) مجھے حق حاصل ہے کہ مجھے ایسی چیزوں سے محفوظ رکھا جائے جو میری نشوونما کو نقصان پہنچا سکتی ہوں

مجھے کسی بھی ایسی سرگرمیوں سے تحفظ فراہم کیا جانا چاہیے جو میری نشوونما کو نقصان پہنچا سکتی ہوں مثلاً- مجھے ایسا کام نہیں کرنا چاہیے جو غیر محفوظ ہے۔ اس کا مطلب ہے کہ جو لوگ مجھے ملازم رکھتے ہیں اُنھیں صرف اُس وقت ایسا کرنا چاہیے جب میں مناسب عمر کو پہنچ جاؤں۔ اُنھیں مجھے صرف وہ کام کرنے کے لیے کہنا چاہیے جو محفوظ ہوں۔

37) مجھے حق حاصل ہے کہ مجھے ظالمانہ یا تکلیف دہ طریقے سے سزا نہ دی جائے

اگر میں قانون کی خلاف ورزی کرتا ہوں تو میرے ساتھ ظالمانہ سلوک نہیں کرنا چاہیے۔ مجھے بالغوں کے ساتھ قید میں نہیں رکھنا چاہیے۔ مجھے اپنے خاندان کے ساتھ رابطہ رکھنے کی اجازت دی جانی چاہیے۔ مجھے قانونی مدد حاصل کرنے کا حق حاصل ہے

38) مجھے اُس وقت تک فوج میں شامل ہونے کی اجازت نہیں ہے جب تک کہ میری عمر 15 سال نہیں ہو جاتی

مجھے اُس وقت تک فوج میں شامل ہونے کی اجازت نہیں ہے جب تک کہ میری عمر 15 سال نہیں ہو جاتی۔ اگر میرا ملک جنگ کی حالت میں ہے تو مجھے خصوصی تحفظ ملنا چاہیے۔

39) اگر مجھے نقصان پہنچایا گیا ہے، نظر انداز کیا گیا ہے یا میرے ساتھ بُرا سلوک کیا گیا ہے تو مجھے مدد حاصل کرنے کا حق حاصل ہے
اگر مجھے نقصان پہنچایا گیا ہے، نظر انداز کیا گیا ہے یا میرے ساتھ بُرا سلوک کیا گیا ہے تو مجھے خصوصی مدد ملنی چاہیے تا کہ میں بہتر محسوس کر سکوں۔ مثلاً- اگر بے توجہی، بد سلوکی، سزا یا جنگ میں شامل ہونے کے بعد میں بہتر ہونا چاہتا ہوں تو مجھے حق حاصل ہے کہ مجھے معاونت فراہم کی جائے۔

40) اگر مجھ پر قانون کی خلاف ورزی کرنے کا الزام لگایا گیا ہے تو مجھے حق حاصل ہے کہ مجھے قانونی امداد فراہم کی جائے اور میرے ساتھ منصفانہ سلوک کیا جائے
اگر مجھ پر قانون کی خلاف ورزی کرنے کا الزام لگایا گیا ہے تو مجھے قانونی امداد حاصل ہونی چاہیے۔ بچوں یا نو عمر افراد کو قید میں رکھنا صرف انتہائی سنگین جرائم میں ہونا چاہیے۔

41) جہاں ہمارا ملک ہمارے ساتھ اقوام متحدہ کی نسبت بہتر سلوک کرتا ہے وہاں ہمیں اچھے کام کو جاری رکھنا چاہیے!
اگر میرے ملک کے قوانین مجھے UNCRC کے آرٹیکلز کی نسبت بہتر تحفظ فراہم کرتے ہیں تو پھر اُن قوانین کو رہنا چاہیے۔ UNCRC میں بیان کیے گئے حقوق ایک بنیاد ہیں جس پر حکومتیں اضافہ کر سکتی ہیں

42) ہر ایک کو اقوام متحدہ کے بچوں کے حقوق کے کنونشن (UNCRC) کے بارے میں معلوم ہونا چاہیے
یہ حکومت کا کام ہے کہ یہ یقین دہانی کرے کہ بالغان اور بچے UNCRC کے بارے میں جانتے ہیں۔ اُنھیں یہ یقین دہانی کرنی چاہیے کہ وہ یہ کام ایک مناسب اور فعال طریقے سے کریں

Widgit Symbols © Widgit Software 2002 - 2017 www.widgit.com